وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ

اللہ کی رسی کو مضبوط تھامے رہو

230

رپورٹ سالانہ

بابتہ سنہ ۱۳۶۶ و ۱۳۶۷ ہجری

خوجہ اثناء عشری جماعت حیدرآباد

(پتہ)

بیت الحبیب لعل ٹیکری سے اشاعت عمل میں آئی

مطبوعہ مطبع حیدری

maablib.org
MAAB 1431
6381

اطلاع

بتاریخ ۳ شعبان سنہ ۱۳۶۷ھ مطابق ۱۱ جون سنہ ۱۹۴۸ع

یوم جمعہ اجلاس جنرل کمیٹی خوجہ اثناء عشری جماعت

حیدرآباد دکن بمقام دفتر حاجی داؤد ناجی جام باغ ترپ بازار

(۵) ساعت شام منعقد ہے

توقع ہے کہ

شرکت فرمائی جائے گی

روشن علی نانجی آئی و غلام علی عنایت اللہ

معتمدین

maablib.org

۳۸۱۰ العلوم
کراچی

فہرست مقدمات جنرل کمیٹی

نشان نمبر	مقدمات
۱	توثیق رپورٹ سالانہ۔
۲	انتخاب صدر نشین۔
۳	انتخاب نائب صدر نشین۔
۴	انتخاب ٹریزرار۔
۵	انتخاب معتمدین۔
۶	انتخاب اڈیٹر
۷	انتخاب ارکان مینجنگ کمیٹی
۸	انتخاب توثیق مقدمات منظور کردہ مینجنگ کمیٹی

روشن علی نانجی آنی و غلام علی عنایت اللہ
معتمدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بفضل خدا بطفیل ائمہ معصومین علیہم السلام جماعت خوجہ اثنا عشری کی یہہ (پانچویں) سالانہ رپورٹ بابت سال ۶۷-۱۳۶۶ھ جو ختم ماہ جمادی الثانی ۱۳۶۷ھ کو مرتب و پیش ہے۔

عہدداران کمیٹی

سال زیر رپورٹ میں عہدہ داران وارکان مینیجنگ کمیٹی کا حسب ذیل انتخاب عمل میں آیا ہے۔

(۱) جناب فدا حسین بھائی عنایت اللہ صاحب ... صدر جماعت

(۲) جناب قاسم علی سبحن لعل صاحب بی اے ۔ بی ٹی ایم آر اے ایس ... نائب صدر

(۳) جناب یعقوب علی سبحن لعل صاحب .... ٹریژرار

(۴) جناب مظہر علی والجی صاحب .... اڈیٹر

(۵) جناب روشن شیر علی نانجی آنی صاحب

(۶) جناب غلام علی عنایت اللہ صاحب ایل ۔ ایس ۔ ای ۔

معتمدین

maablib.org
MAAR 1431

ارکان مجلس انتظامی

(۱) جناب اکبر علی سجن لعل صاحب ناظم رصدگاہ نظامیہ یم - اے پی - ایچ - ڈی - لنڈن - یف - آر - اے - ایس -
(۲) جناب علی محمد بھائی موسلے ڈینا صاحب -
(۳) جناب عسکر علی عنایت اللہ صاحب -
(۴) جناب پیار علی بھائی فاضل صاحب -
(۵) جناب حسن علی بھائی ہاشم صاحب -
(۶) جناب عباس علی بھائی جمعہ بھائی صاحب -
(۷) جناب پیر محمد بھائی حاجی غلام علی صاحب -

کمیٹیاں

سال زیر رپورٹ میں حسب ذیل کمیٹیوں کا انعقاد عمل میں آیا -

جنرل کمیٹی (۱)
مینجنگ کمیٹی (۱۶)
سب کمیٹی (۳)

جنرل کمیٹی

جنرل کمیٹی کا اجلاس معمولی انتخابات وغیرہ کے لئے مقرر کیا گیا تھا -

maablib.org

مینجنگ کمیٹی

سال زیر رپورٹ میں مینجنگ کمیٹی کے جملہ (١٦) اجلاسوں میں انتظامی مباحثوں کے علاوہ نئے مجالس اور جشن جو جماعت کے جانب سے ہوا کرتے ہیں اُن میں یہہ اضافہ کیا گیا ہے۔

(١) مجلس وفات رسول خداؐ ٢٨ صفر
(٢) مجلس وفات جناب سیدہ سلام اللہ علیہا ١٣ جمادی الاول
(٣) " وفات جناب زینب خاتون سلام اللہ علیہا ٢٤ صفر

جشن زنانی

ولادت جناب سیدہ علیہا السلام ٢٠ جمادی الثانی

نیز جماعت کے یہاں حیات و ممات اور شادیوں کے جو واقعات رُو نما ہوا کرتے ہیں اُس کے لئے رجسٹر رکھا گیا ہے جس میں پیدائش اور اموات کے صحیح داخلہ جات کی تفصیل مجلس و جشن کا اندراج احتیاط سے کیا جاتا ہے۔ اسی طرح شادیوں کے جہیز وغیرہ کے اندراج کے لئے بھی علیحدہ رجسٹر رکھا گیا ہے۔ سابق

MAAB 1431
maablib.org

میں بنک سے لین دین کے لئے پریسیڈنٹ اور ٹریزار کے نام کھاتہ رکھا گیا تھا اب تحت قانون نمبر ۷۹-۸۰-۸۱- بخیال سہولت و ضرورت کھاتہ بنک جماعت کے نام کھولا گیا ہے۔

سب کمیٹی سال زیر ذکر میں (۳) سب کمیٹیاں قائم ہوئیں۔

(۱) سب کمیٹی برائے انتظام۔ پیدائش۔ اموات وشادی اس غرض کے تکمیل کے لئے حسب ذیل ممبران کا انتخاب عمل میں آیا ہے

الف۔ روشن علی نانجی صاحب (معتمد)

ب۔ پیر محمد حاجی غلام علی صاحب

ج۔ عباس علی جمعہ بھائی صاحب

د۔ پیار علی بھائی فاضل صاحب

ح۔ احمد علی سجن لعل صاحب

و۔ علی محمد یوسف صاحب

اس کمیٹی میں ممبران صدر نے قومی احساس کے مدنظر مذہبی فرائض نہایت ہمدردی سے انجام دیا ہے۔

(۲) سب کمیٹی برائے انتظام مجالس و جشن۔ جس کے لئے حسب ذیل ممبران مقرر کئے گئے ہیں۔

الف۔ غلام علی عنایت اللہ صاحب (معتمد کمیٹی)

ب۔ حسن علی ہاشم صاحب

ج۔ عسکر علی عنایت اللہ صاحب

د۔ محمد علی عنایت اللہ صاحب

ح۔ احمد علی دہرمسی صاحب

مذکورہ ممبران فقرہ (۲) نے بلحاظ اعتقاد مذہبی نہایت جانفشانی سے مذہبی فرائض انجام دیا ہے۔

(۳) یہہ تیسری سب کمیٹی حصول اجازت کمپونڈ دیار خاموش کے لئے ممبران صدر نے دفاتر امور مذہبی اور بلدیہ کے پیروی میں اپنا زیادہ وقت صرف کیا خدا چاہا تو بطفیل ائمہ معصومین علیہم السّلام اس قومی کام کی تکمیل جلد ہوجانے کی توقع ہے۔

الف۔ یعقوب علی سبحن لعل صاحب (معتمد)

ب۔ حسن علی سیوجی صاحب

ج۔ جلال الدین سبحن لال صاحب

مذہبی مصروفیات نماز عید الفطر - عید الضحیٰ - حسب معمول در آمد صدر جماعت جناب فدا حسین صاحب عنایت اللہ کے مکان پر باجماعت ادا کی گئی۔

(۱) جشن ولادت حضرت سید الشہدا امام مظلوم علیہ السلام بتاریخ ۳ر شعبان ۱۳۶۶ھ منجانب جماعت منایا گیا۔ (چالیس ؎ روپیہ) اخراجات ہوئے۔

مجلس عزا مولائے متقیان سال حال بھی ۲۱ر رمضان کو شہادت مولائے متقیاں کی وجہ تمام ارکان نے اپنا کاروبار بند رکھا اور اعمال و مجلس عزا برپا کی کل (؎) کا خرچ عائد ہوا اس مد میں (؎) روپیہ چندہ منجانب ارکان وصول ہوا مابقی (؎) چھ روپیہ چار آنہ مجلس فنڈ میں جمع کئے گئے۔

عشرہ شریف ایام عشرہ شریف میں ارکان جماعت نے مجالس عزا سید الشہدا میں پابندی سے شرکت کی اور علی محمد فاضل چینائی کے مکان پر حسب سابق فاقہ شکنی ہوی۔

مجالس عزا اس سال بھی حسب سابق جناب

فدا حسین بھائی عنایت اللہ صاحب صدر جماعت کے مکان پر یکم تا شب نہم محرم مجالس عزا کا سلسلہ برپا رہا۔ ان کے علاوہ تقریباً ہر رکن کے مکان پر بھی زنانی مجالس شہید کربلا پابندی سے منعقد کی گئیں۔ جو خوجہ اثناء عشری جماعت کے عقاید اور مذہبی جذبات پر کافی روشنی ڈالتی ہیں۔

اربعین سال زیر ذکر میں حسب سابق یوم اربعین سے تین ۳ روز قبل یعنی ۱۷۔۱۸۔۱۹ صفر ۱۳۶۷ھ کو منجانب جماعت الاوہ بیر طوق مبارک میں مجالس سید الشہداؑ منعقد کی گئیں۔ مولانا عسکری جعفری صاحب تاریخی واقعات کربلا پر بسیط تبصرہ فرمایا کل مجالس ہمیشہ کی طرح کامیاب رہیں۔ خوجہ اثناء عشری جماعت کے ارکان ذکور و اناث کے علاوہ حیدرآباد کے مومنین و مومنات نے کافی تعداد میں شریک مجالس رہے کل مجمع کی تعداد کئی ہزار رہی۔

جملہ اخراجات (سنہ ۶۷۰) چھ سو ستر روپیہ

عاید ہوئے چندہ کی تعداد (سمہ عیٹ) تین سو چھبیس رہی
زائد خرچ (سمہ للعہ ننع ۳۴۴) روپیہ حسب سابق جماعت
سے ادا کیا گیا۔

مذکورہ مجالس کا انتظام ممبران سب کمیٹی (برائے
انتظام مجالس و جشن) نہایت سلیقہ شعاری سے انجام
دیا جو حسن انتظام کی حد تک قابل ستایش رہا۔

عقد۔ بیاہ و رسوم

بتاریخ ۱۵ / شعبان ۱۳۶۶ھ مسٹر
شوکت علی داؤد بھائی کا رسم
سیٹھ صالح محمد دہر مسی مرحوم کی دختر نیک اختر کے ساتھ
عمل میں آیا اس رسم کے ادائی کے وقت جانبین سے
دس - دس روپیہ حق جماعت ادا کیا گیا اس رسم
کے بعد عقد خوانی ۲۵ / ذی قعدہ ۱۳۶۶ھ عمل میں
آئی بسلسلہ عقد خوانی جانبین سے (لہ ۵۱) روپیہ اور ۱ / اہیہ
جماعت کے نام ادا کئے گئے

تجہیز و تکفین اموات

سال حال ممبران جماعت سے حسن علی
دہنجی بھائی اس جہان فانی سے
عالم جاویدانی کو کوچ کیا مرحوم کی تجہیز و تکفین جماعت

کے جانب سے دیار خاموشاں میں عمل میں آئی مرحوم کے عزیز و اقارب نے روح ثواب کے خیال سے (۲۰۰/-) روپیہ جماعت فنڈ میں داخل کئے۔

خریدی پارچہ برائے کفن

سال الحال جماعت نے بر وقت ضرورت عدم دستیابی پارچہ کے مد نظر عثمان شاہی ملز سے درخواست کر کے (۱۵۰/-) روپیہ کے دو تھان ہرک خرید کر محفوظ رکھا تھا جس میں سے حسن علی دہنجی بھائی مرحوم کے تجہیز و تکفین کے لئے (۴۰) گز خرچ ہونے کے بعد بقیہ پارچہ ایسے ہی ضرورت کے لئے محفوظ رکھا گیا ہے۔

وظیفہ بیوگان

سال زیر رپورٹ میں (۱) بیوہ کو حسب سابق ماہانہ (۵/-) روپیہ وظیفہ دیا جا رہا ہے۔

وظیفہ تعلیمی

جماعت نے ایک ممبر کے لڑکے کو تعلیمی وظیفہ (۵/-) روپیہ ماہوار ی سال ۱۳۶۷ھ سے دیا جا رہا ہے۔

شرکت جدید ممبران

(۱) علی محمد دلوجی صاحب
(۲) غلام عباس دلوجی صاحب
(۳) معصوم علی مرچنٹ۔

اسکیمات ملتویہ

مسلسل تین سال سے جماعت کے پیش نظر یک کافی وسعت کا مکان جماعت کے ضرورتوں کے مدنظر تعمیر کرائے جانے کا منصوبہ ہے موقعہ کی اراضی دستیاب نہونے سے اس مقصد کے تکمیل کا موقعہ نہیں مل رہا ہے سال حال بازار گھاٹ میں مدرسہ سرکاری کے روبرو دو پلاٹ ہراج ہو رہے تھے ہر دو پلاٹ لے لیا جانا طے پایا گیا تھا لیکن باز اہم وجوہ کے بناء پر ارادہ ملتوی کر دیا گیا۔ جب کبھی موقعہ کی اراضی دستیاب ہو جائے اس مقصد کو پورا کیا جائے گا۔

حساب

(۱) تمسکات۔ جماعت ہذا میں اس وقت (۳۰۰۰۰) تیس ہزار کے عثمانیہ پرامیسری نوٹس سرکار عالی کے بنک میں بموجب سالگذشتہ محفوظ ہیں۔

تختہ آمدنی و خرچ سال ۱۳۶۶ھ تا ختم ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۳۶۷ھ

نمبر شمار	آمدنی	جملہ رقم	خرچ	جملہ رقم
۱	چندہ ماہانہ	۴۰۰ روپیہ ۸ ر	مشاہرہ تنخواہ ۳۶۰ روپیہ، الونس گرانی ۶۰ روپیہ	۴۸۰ روپیہ
۲	عطیہ عام ۱۰۲ روپیہ، تعلیمی ۵ روپیہ	۱۱۷ ،، ۴ ر	میڈیکل الونس ۶۰ روپیہ	
	آمدنی چرم قربانی ۱۰ روپیہ ۴ ر		**اخراجات**	
۳	منافع رقوم پر امپیریل بینک	۴۷ ،، ۲ ر	جشن ولادت امام حسینؑ ۴۰ روپیہ	
۴	آمدنی حسینی فنڈ (اربعین و ۲۱ رمضان)	۱۸۴ ،، ۴ ر	نماز عید الفطر - عید الضحی ۸۰ روپیہ	۱۲۰ ،، ۶ ر
			اخراجات مجالس اربعین و ۲۱ رمضان	۲۴۷ ،، ۱۲ ر
			صادر و طباعت	۵۰۰ ،، ۵ ر
			وظیفہ - بیوگان ۶۰ روپیہ، تعلیمی ۶۰ روپیہ	۱۲۰ ،،
			بچت	۳۰۵ ،، ۱۱ ر
	میزان	۱۸۲۴ ،، ۲ ر	میزان خرچ	۱۸۲۴ ،، ۲ ر
	مہر و دستخط ٹریزرار یعقوب علی سبحان علی		مہر و دستخط اڈیٹر منظور علی حاجی	

maablib.org

تختہ عام سلک باقی خوجہ اثناء عشری جماعت تا ختم ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۳۶۷ھ

نمبر شمار	وصولات	رقم	واجبات	رقم
۱	سلک گذشتہ جماعت فنڈ و قبرستان ۳۶۵۰۹ روپیہ ۳/۸ منتقل رقم بہ ختم سال بچت گذشتہ فنڈ جماعت ۴/۸ جمع شدہ سال حال ۵	۳۶۵۶۲ روپیہ ۱۱/۴	قیمت زمین دیار خاموش - کباڈی گوڑہ سکندر آباد قیمت پرامیسری نوٹس سرکار عالی اڈوانس منیجر جماعت ۱۲۰ روپیہ وصول شدہ از منیجر جماعت ۱۲۰ ”	۳۵۴۵ روپیہ ۳۰۱۸۱ ۴/
۲	دیار خاموش فنڈ	۳۰ روپیہ ۴/	اسٹور	
۳	بچت سلک گذشتہ ۸۴۳ روپیہ منہائی رقم از سلک گذشتہ ۴۸ ۶/ ۷۹۴ ۸/ ۸/۶ بچت سال حال ۳۰۵ ۱۱/	۱۱۰۰ روپیہ ۳/۶	خریدی پارچہ برائے کفن ۶۵ روپیہ فروخت پارچہ کفن ۱۴ روپیہ بیانک بیلنس ۷۰۴۳ ۸/۴ نقد پیشگی ۴۰۵ ۱۰/۶	۵۱ ۳۹۱۵ ۲/۱۵
	میزان شرح دستخط ٹریزرار یعقوب علی سجن لعل	۳۷۶۹۳ ۲/۳	میزان شرح دستخط آڈیٹر مظہر علی الجی	۳۷۶۹۳ ۲/۳

ہم اپنے یقین کی حد تک تصدیق کرتے ہیں کہ متذکرہ صدر حسابات جماعت کے سرمایہ و اثاثہ اور آمدنی و خرچ کی صحیح تفصیل ظاہر کرتے ہیں فقط

دستخط آڈیٹر	دستخط ٹریزرر
مظہر علی والجی	یعقوب علی سجن لعل

اس مختصر رپورٹ کے ختم پر خوجہ اثناء عشری جماعت اُن کرم فرماؤں کا مشکور ہے جنہوں نے اس جماعت کے تکمیل مقاصد میں توجہ اور ہمدردی کا اظہار فرمایا ہے فقط

غلام علی عنایت اللہ - روشن علی نانجی آنی	فدا حسین عنایت اللہ
معتمدین	صدر جماعت

maablib.org